© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

لاہور(30/مئی) مجلس احرارِاسلام پاکستان اور تحریک تحفظِ ختمِ نبوت نے اسلامی نظریاتی کونسل کی جانب سے توہین رسالت قانون کو تبدیل نہ کرنے کی سفارش کا خیر مقدم کرتے ہوئے کونسل کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے، قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور میاں محمد اویس نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل مبارک باد کی مستحق ہے کہ ایک ایسے وقت میں جب عالمی کفریہ طاقتیں پاکستان کے دستور کی اسلامی دفعات کو ختم کرنے کے لیے اپنا دباؤ بڑھا رہی ہیں۔ قانون توہین رسالت کو نہ چھیڑنے اور اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہ کرنے کی سفارش کر کے اپنا اسلامی اور آئینی فریضہ ادا کیا ہے۔ قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کا آئین میں جو کردار متعین ہے اُس کو بحال کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کی روشنی میں مرتد کی شرعی سزا کا نفاذ ضروری ہے۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کو ماضی کی حکومتوں نے سرد خانے میں ڈالے رکھا، نئی حکومت کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسلامی نظریاتی کونسل کے کردار کو آئینی تقاضوں کے مطابق زندہ کرے اور اس کی سفارشات پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

☆......☆......☆

لاہور(30/مئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس افتخار محمد چودھری کی سربراہی میں قائم بنچ نمبر 1 نے ساہیوال کے مشہور مقدمہ قتل کے پانچ قادیانی ملزمان الیاس منیر مربی، نعیم الدین، عبدالقدیر، نثار اور حاذق رفیق طاہر کے دائمی وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے ہیں یاد رہے کہ 26/اکتوبر 1984ء کو قادیانیوں نے مسلح ہو کر مجلس احرارِاسلام ساہیوال کے امیر اور جامعہ رشیدیہ کے مدرس قاری بشیر احمد حبیب اور پولی ٹیکنیکل کالج کے طالب علم اظہر رفیق کو شہید کر دیا تھا جس پر فوجی عدالت نے ملزمان کو سزائیں سنائیں، لاہور ہائی کورٹ نے ملزمان نے جو سزائیں کاٹیں ان کو کافی قرار دے کر رہا کرنے کا حکم دیا تھا اور ملزمان بیرون ممالک فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تھے جس پر مقدمہ کے مدعی عبداللطیف خالد چیمہ نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی سپریم کورٹ میں چودھری علی محمد ایڈووکیٹ مدعی کی طرف سے پیروی کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں مشن چوک ساہیوال کی قادیانی عبادت گاہ جس کو دفعہ 145 کی کارروائی کے تحت سیل کر دیا گیا تھا اُس کا مقدمہ بھی ساہیوال کی عدالت میں زیرِ سماعت ہے جس کی پیروی مجلس احرارِاسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ کر رہے ہیں۔

☆......☆......☆

چیچہ وطنی(یکم جون) ڈرون حملے ملکی سلامتی وخود مختاری پر حملے ہیں، اِن حملوں کے حامی یا اِن پر مجرمانہ خاموشی اختیار کرنے والے سیاستدان ملک وملت کے مجرم ہیں۔ اِن خیالات کا اظہار تحریک ختمِ نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِاسلام



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے اپنے بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ ڈرون حملے پرویز مشرف کے دورِ اقتدار کا تحفہ ہیں جو امریکہ کے ساتھ ناروا معاہدات کا نتیجہ ہیں، پیپلز پارٹی نے اِن معاہدات کو دوام بخشا اگر نئی حکومت نے یہ خفیہ معاہدے ختم کر کے ملکی سلامتی وخودمختاری کو یقینی نہ بنایا تو یہ حکومت اپنی ساکھ کھو بیٹھے گی اور خارجہ پالیسی کے حوالے سے ناکام ہو جائے گی۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ نواز شریف، عمران خان اور مقتدر حلقوں کو ڈرون حملوں کے ذریعے بے گناہ انسانوں کا قتلِ عام بند کرانے میں مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پرویز مشرف کو سنگین مقدمات کا سامنا ہے جبکہ اس کو بیرون ملک فرار کرانے کی سازشیں ہو رہی ہیں حیرانی تو اس بات پر ہے کہ سابقہ حکمران، نگران حکومت اور متوقع حکمران اس مسئلہ پر پراسرار خاموشی اختیار کیئے ہوئے ہیں، یہ وقت خاموش رہنے کا نہیں بولنے کا ہے ورنہ لال مسجد کے شہداء کا خونِ بے گناہی خود سر چڑھ کے بولے گا۔

☆......☆......☆

چیچہ وطنی (2/ جون) دارالعلوم ختم نبوت جامع مسجد اور دوسری شاخ مرکزی مسجد عثمانیہ درجہ ناظرہ کا امتحان قاری محمد عبداللہ رحیمی نے لیا اور نتیجہ مناسب قرار دیتے ہوئے زور دیا کہ طلباء کو نماز کی دہرائی کے لئے محنت کی جائے جبکہ درجہ حفظ قرآن پاک دارالعلوم ختم نبوت جامع مسجد کے طلباء کرام کا امتحان 25۔ جون کو قاری عتیق الرحمٰن ساہیوال نے جبکہ مرکزی مسجد عثمانیہ کے درجۂ حفظ قرآن پاک کے درجے کا امتحان قاری بشیر احمد ساہیوال نے لیا دونوں ممتحنین نے طلباء کی کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے مدرس و منتظمین کی محنت کو سراہا علاوہ ازیں دارالعلوم ختم نبوت کے صدر مدرس قاری محمد قاسم نے 22/ جون کو مدرسہ عربیہ رحیمیہ (42-12 ایل) کے درجہ حفظ قرآن پاک کا امتحان لیا بعد ازاں 27/ جون کو مدرسہ معمورہ دفتر احرار لاہور کے طلباء کرام کا امتحان لیا 2 جولائی کو وہ چناب نگر گئے اور مدرسہ ختم نبوت کے درجہ حفظ قرآن پاک کے طلباء کا امتحان لیا۔

☆......☆......☆

لاہور (2/ رجون) خلیفہ ششم برحق سیدنا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ''یوم وفات'' کے موقع پر مجلس احرار اسلام، اہلسنت والجماعت، مجلس خدام صحابہ، تحریک مدح صحابہ اور دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام ملک بھر میں اجتماعات، سیمینارز اور اجلاس منعقد ہوئے۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور مولانا محمد مغیرہ نے مختلف مقامات پر اپنے بیانات میں کہا کہ سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کا مثالی دور حکومت ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نمونے کی حیثیت رکھتا ہے۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے مرکزی دفتر احرار نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں ''یوم معاویہ'' کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے ارشادِ گرامی کی روشنی میں تمام صحابہ بخشے ہوئے ہیں اور ہم جس کی بھی اتباع کرینگے وہ ہمیں جنت میں لے جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ منکرین صحابہ نے اسلام اور مسلمانوں کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کے لیے بڑا مکروہ اور گھناؤنا کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ نے 19 سال 64 لاکھ مربع میل پر خلافت وحکومت کی اور رہتی دنیا تک کے لیے حکمرانی کے آداب متعین فرمائے انہوں نے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہا کہ بعض لوگ 22رجب المرجب کے دن کونڈوں کی جو رسم ادا کرتے ہیں اور اس کو سیدنا امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز کہا جاتا ہے یہ بالکل غلط ہے امام جعفر صادقؒ 22رجب کو نہ تو پیدا ہوئے اور نہ ہی 22رجب ان کا یوم وفات ہے۔

☆......☆......☆

لاہور (3/جون) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، نائب امیر سید محمد کفیل بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور میاں محمد اویس نے حضرت مولانا حکیم محمد اختر رحمہ اللہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اُن کے لیے دعاءِ مغفرت کی ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ حکیم محمد اختر رحمتہ اللہ علیہ نے عمر بھر سلوک وتصوف کے ذریعے انسانیت کی جو خدمت کی وہ ان کا صدقہ جاریہ رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکیم صاحب مرحوم نے روحانیت کا جو فیض جاری کیا لوگ اُس سے مستفید ہوتے رہیں گے۔

## لاہور میں خواتین کا سہ روزہ ختم نبوت کورس

4،5،6/جون 2013ء بروز پیر، منگل، بدھ، جوڈیشل کالونی رائے ونڈ روڈ پر میاں محمد اویس صاحب کی والدہ ماجدہ اور دیگر معزز خواتین کی محنت سے سہ روزہ ختم نبوت کورس منعقد ہوا۔

4/جون کو سید محمد کفیل بخاری اور مولانا محمد مغیرہ

5/جون کو مولانا عبدالرؤف فاروقی اور مولانا محمد مغیرہ

6/جون جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور مولانا محمد مغیرہ نے لیکچرز دیے

مقررین نے عقیدۂ ختم نبوت، قرآن وحدیث کی روشنی میں، حیاتِ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام، فتنۂ قادیانیت اور ان کے باطل عقائد۔ قادیانیت کی تردید واحتساب کی تاریخ جیسے اہم عنوانات پر تفصیلی گفتگو کی، آخر میں سید محمد کفیل بخاری نے دعا کرائی اور ختم نبوت پر مبنی لٹریچر تقسیم کیا گیا۔

☆......☆......☆

لاہور (6/جون) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے اُمید ظاہر کی ہے کہ میاں نواز شریف نے وزیراعظم کے منصب کے لئے جو حلف اٹھایا ہے اس کی پاسداری بھی کریں گے، انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت نیکی کے ہر کام میں حکومت سے تعاون اور برائی کے ہر کام میں مخالفت کرے گی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نواز شریف کو اپنے حلف کی روشنی میں قیام ملک کے اصل مقصد، نفاذ اسلام کی طرف پیش رفت کرنی چاہیے تاکہ سرمایہ دارانہ نظام کی چکی میں پسنے والے مفلوک الحال عوام کو سکھ کا سانس لینا نصیب ہو جائے۔ انہوں نے نئی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ 1974ء کی قرار دادِ اقلیت اور 1984ء کے امتناع قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور ملک وملت کے خلاف قادیانی ریشہ دوانیوں کا تدارک کیا جائے۔

## سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ سب سے بڑی اسلامی سلطنت کے امیر اور خلیفۂ راشد ہیں (سید محمد کفیل بخاری)

تلہ گنگ (7/جون) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے کہا ہے کہ سیدنا امیر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معاویہ رضی اللہ عنہ کواللہ نے دین کی اشاعت کے لیے قبول کیا اور خلافت راشدہ کے عظیم منصب پر فائز کیا۔سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا دورِ حکومت امت مسلمہ کے اتحاد کا مظہر تھا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز ختم نبوت مسجد سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میں اجتماع جمعہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر مجلس احرار اسلام کے رہنما مولانا تنویر الحسن، ڈاکٹر محمد عمر فاروق اور حاجی ماسٹر غلام یسین بھی موجود تھے۔مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ صحابۂ کرام کا ادب واحترام واجب ہے، دین ہمیں انہی سے ملا ہے،تمام صحابہ کرام آسمانِ نبوت کے تارے ہیں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کواللہ نے عزت دی اور وحی کی کتابت کا کام لیا۔انہوں نے کہا کہ توہین صحابہ کرنے والوں پر اللہ پاک ہدایت کے راستے بند کر دیتا ہے کیونکہ صحابہ نے ہی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت میں رہ کر اور آپ کی سنت پر عمل کر کے جنت کی ضمانت حاصل کی ہمیں صحابہ سے محبت ہے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے اس لیے کہ ہمارے ایمان کا محور اور بنیاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جاں نثار ہیں ہمیں ان سے محبت ہے۔انہوں نے کہا سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کا دورِ حکومت امت مسلمہ کے اتحاد کا مظہر تھا۔سیدنا امیر معاویہ کو ۱۹ سالہ دورِ حکومت میں سیدنا حسن وحسین کا مکمل تعاون حاصل تھا۔حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سب سے بڑی اسلامی مملکت کے امیر اور خلیفۂ راشد تھے۔ان کے دور میں منافقین، یہود ونصاریٰ کی اسلام دشمن سازشوں کا قلع قمع کیا۔انہوں نے حضرت امیر معاویہ کی سیرت وکردار سے روشناس کراتے ہوئے کہا کہ سیدنا معاویہ وہ پہلے صحابی ہیں جنہوں نے اسلامی تاریخ میں سب سے پہلے ۱۷ سو بحری بیڑے سمندر میں اتار کر قیصر روم اور طاغوتی قوتوں کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔انہوں نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سیدنا معاویہ کے طرز حکمرانی سے رہنمائی حاصل کر کے امت مسلمہ اپنے کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کر سکتی ہے۔

☆......☆......☆

لاہور(7/جون)تحریک ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ نئے حکمران قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے ہٹانے اور آئین وقانون کے مطابق اُن سے سلوک کو اپنی ترجیحات میں شامل کریں، وہ مسجد حنفیہ (رحمٰن گلی) نشتر روڈ لاہور میں نماز جمعتہ المبارک کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ جب قادیانی خود کو اُمتِ مسلمہ سے از خود الگ کر چکے ہیں تو پھر اسلام کا ٹائٹل استعمال کر کے دنیا کو دھوکہ دینا چھوڑ دیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ مسٹر ظفر اللہ خان نے بانی پاکستان کا جنازہ نہ پڑھ کر ثابت کر دیا تھا کہ قادیانی مسلمان نہیں۔انہوں نے کہا کہ امتناع قادیانیت ایکٹ پر چناب نگر سمیت ملک بھر میں عمل درآمد نہیں ہو رہا، انہوں نے کہا کہ اس صورتحال سے کشیدگی بڑھے گی، انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنی اگلی نسلوں تک دین کا علم پہنچانے کے لیے اور عقیدۂ ختم نبوت کی اہمیت اُجاگر کرنے کا اہتمام کریں، انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں اپنے اندر سے قادیانی ایلیمنٹ کو نکال باہر کریں۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ملتان (10؍جون) مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم، ملتان کا تعلیمی سال بحمد اللہ اختتام پذیر ہوا۔ اس سال مدرسہ ہذا کے شعبہ درسِ نظامی میں جلالین شریف تک درجات تھے۔ شعبہ حفظ و ناظرہ میں ۷۰ سے زائد طلباء قرآن کریم کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ امسال 9 طلباء نے وفاق المدارس العربیہ کے تحت قرآن مجید کا امتحان دیا۔ مدرسہ کا سالانہ امتحان 10؍جون 2013ء کو جناب قاری محمد طسین صاحب نے لیا۔ اور الحمدللہ نتیجہ پر غیر معمولی مسرت کا اظہار کیا۔

☆......☆......☆

لاہور (11؍جون) تحریک ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ پارلیمان کے مشترکہ اجلاس میں صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ''ناموس رسالت کے قانون کا غلط استعمال روکنے کے لیے اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ ہم ان سے کہتے ہیں کہ تمام قوانین کے غلط استعمال کو روکیں اور محض توہین رسالت کے قانون کو تختۂ مشق بنا کر امریکی واستعماری ایجنڈا پورا نہ کریں۔

## سالانہ دورہ تقویتِ عقائد و محاضراتِ ختم نبوت، ملتان

ملتان (15؍جون) تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرار اسلام پاکستان کے زیر اہتمام سالانہ دس روزہ دورہ تقویت عقائد و محاضرات ختم نبوت کا آغاز قائد احرار ابنِ امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری مدظلۂ کی دعا سے ہوا۔ مولانا محمد مغیرہ، سید محمد کفیل بخاری، مفتی سید صبیح الحسن ہمدانی، مفتی محمد عمر فاروق، مفتی نجم الحق، قاری محمد آصف (سابق قادیانی) نے عقیدۂ ختم نبوت، قادیانی عقائد اور ان کا تعارف، قادیانی مغالطے اور ان کے جوابات، ہم ختم نبوت کا کام کیسے کریں، احرار اور محاسبۂ قادیانیت، مقام صحابہ، مشاجراتِ صحابہ میں راہِ اعتدال اور دیگر موضوعات پر لیکچرز دیے۔

آخری دو روز ممتاز دانشور جناب پروفیسر سید خالد جامعی (کراچی یونیورسٹی) نے مغربی تہذیب اور مغربی فکر و فلسفہ، ترقی اور اسکے ہمارے معاشرے اور تہذیب پر اثرات کے عنوانات پر تحقیقی اور عالمانہ لیکچرز دیے۔ سید محمد کفیل بخاری نائب امیر مجلس احرار اسلام کی دعا کے ساتھ یہ کورس اختتام پذیر ہوا۔ اور شرکاءِ کورس کو ختم نبوت اور قادیانیت پر لٹریچر دیا گیا۔

☆......☆......☆

لاہور (18؍جون) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات میاں محمد اویس نے برما (میانمار) کے مسلمانوں کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ او آئی سی اور یو این او مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کا فوری نوٹس لے مسلمانوں کے اس قتل عام پر او آئی سی اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی خاموشی قابل مذمت ہے پاکستانی حکومت کو برما کے مسلمانوں کے حق میں بھرپور آواز اٹھانی چاہیے انہوں نے کہا کہ مسلمان ایک جسدِ واحد کی طرح ہیں اگر ایک پر ظلم ہو تو تمام مسلمانوں کو اس کی مدد کرنی چاہئے ان حالات میں مسلم ممالک کی حکومتوں کو اپنا مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے، برمی مسلمان بھی ہمارے بھائیوں کی طرح ہیں ہم ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔

☆......☆......☆

اسلام آباد (29؍جون) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور تحریک تحفظ ختم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نبوت کے مرکزی ناظمِ تبلیغ مولانا محمد مغیرہ (خطیب جامع مسجد احرار چناب نگر) 29 رجون ہفتہ کوراولپنڈی پہنچے، مولانا محمد مغیرہ نے خالد چیمہ کی معیت میں جامعہ محمد یہ اسلام آباد میں جاری تعلیمی وتربیتی کورس میں عقیدۂ ختم نبوت اوررَدِقادیانیت کے حوالے سے لیکچرز دیئے۔30 رجون کوعبداللطیف خالد چیمہ نے روزنامہ ''اُمت'' راولپنڈی کے ایگزیکٹوایڈیٹر جناب سیف اللہ خالد کی رھائش گاہ پر منعقدہ ''میڈیا واچ'' کے اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں گزشتہ مہینوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ مہینوں کے لیے اہداف طے کیے گئے، یکم جولائی کوعبداللطیف خالد چیمہ سیالکوٹ روانہ ہوگئے جہاں بعد نماز عشاء انہوں نے ختم نبوت یوتھ فورس کے زیر اہتمام ''عصر حاضر میں تحفظ ختم نبوت کے تقاضے'' کے موضوع پر تفصیلی بیان کیا 2 جولائی کو وہ لاہور روانہ ہوگئے۔

## سید محمد کفیل بخاری کی تبلیغی وتنظیمی مصروفیات

۲۴رمئی، خطبۂ جمعہ، مدرسہ معاذ، بدھلہ روڈ ملتان۔خطاب: بیادحاجی محمد ثقلین مرحوم
۲۶رمئی سالانہ اجتماع خواتین، جامعہ بستانِ عائشہ ملتان۔اصلاحی خطاب
۳۰رمئی جمعرات بعد نماز مغرب جامع مسجد المعمور، ناگڑیاں ضلع گجرات۔تبلیغی واصلاحی خطاب
۳۱رمئی خطبۂ جمعہ، مسجد احرار، مدرسہ ختم نبوت، ماڈل ٹاؤن گجرات
۳۱رمئی بعد نماز عشاء ملاقات ومشورہ اراکین مجلس احرار اسلام راولپنڈی
یکم جون ہفتہ بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد، سیدنا معاویہ چوک، حویلیاں (ہزارہ)
کاتبِ وحی سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کانفرنس سے خطاب
۲رجون، ماہانہ درس قرآن، دفتر مجلس احرارِ اسلام لاہور، بعد نماز مغرب
۴رجون، بیاد سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ، خطاب بعد نماز عشاء دارِ ابی سفیان، بلال مسجد قصور
۶رجون، فتنۂ قادیانیت اوراس کا تعاقب، لیکچر بعد نمازِ عشاء قرآن محل ملتان (زیرِصدارت: پروفیسر ابوالکلام خواجہ صاحب)
۷رجون، خطبۂ جمعہ، مسجد ابوبکر صدیقؓ، تلہ گنگ، بعنوان سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ
۱۳رجون، مشاورت وملاقات احبابِ احرار، رحیم یار خان / ۱۴رجون، خطبۂ جمعہ، مسجد ختم نبوت، مسلم چوک رحیم یار خان
۱۵رجون، آغاز ختم نبوت کورس دارِ بنی ہاشم ملتان
۲۲رجون، ختم نبوت کانفرنس، بغداد اسٹیشن، بہاولپور خطاب بعد نماز عشاء
۲۴رجون، اختتام کورس دارِ بنی ہاشم ملتان / ۲۴رجون، سالانہ مجلس قرآت، مسجد احرار چناب نگر، خطاب ایک بجے شب
۲۷رجون، خطاب بعد نمازِ مغرب تقریب تکمیل حفظِ قرآن، مکی مسجد حرم گیٹ ملتان
۲۸رجون، خطبۂ جمعہ عیدگاہ کلاں......ڈیرہ اسماعیل خان
۲۸رجون، بعد نمازِ عصر تا عشاء، خطاب جلسہ تکمیل حفظ قرآن ودستار بندی، مسجد الفردوس بستی ڈیوالہ، ڈیرہ اسماعیل خان



© rasailojaraid.com